# حکومت پاکستان وزارت مواصلات

# پاکستان پوسٹ

## (از دفتر پوسٹماسٹر جنرل، سنٹرل پنجاب سرکل لاہور)

## (پری کوالیفیکیشن / ٹینڈر نوٹس)

برائے سال 2025-26 پوسٹماسٹر جنرل، سینٹرل پنجاب سرکل لاہور کو پی ایم جی آفس، ریسٹ ہاؤس، افسران بالا کی کوٹھیاں، پوسٹل ٹریننگ سینٹر / ہاسٹل اور پوسٹل کالونیز اور محکمانہ عمارتوں کی تعمیر / تعمیر نو، تجدید و مرمت، سالانہ مرمت اور چھوٹے بڑے سول، واٹر سپلائی اور بجلی کے کاموں کے لیے فرموں کی الیکٹرونک پری کوالیفیکیشن مطلوب ہے۔ جو ٹھیکیدار / فرم کسی دوسرے سرکاری محکمے میں رجسٹرڈ ہیں اور پاکستان پوسٹ میں رجسٹریشن کروانا چاہتے ہیں وہ مندرجہ ذیل کاغذات E-Pads کے ذریعے 09-02-2026 تک صبح 10 بجے سے پہلے جمع کرواسکتے ہیں اور اصل پروفائل بھی دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگی۔ دستی بولی قابلِ قبول نہیں ہوگی۔ الیکٹرونک بولی 09-02-2026 کو دن 11:00 بجے پوسٹماسٹر جنرل کے دفتر میں کھولی جائیں گی۔

## شرائط و ضوابط:

1- فرم کا نام، رجسٹریشن دفتر کا مکمل پتہ، فون نمبر، ٹیکس نمبر بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی۔

2- کمپنی / فرم کا رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ۔

3- سال 2025-26 کے لیے پاکستان / انجینئرنگ کونسل سے کنٹریکٹر کی موثر سول رجسٹریشن۔

4- سرکاری و نیم سرکاری اور حکومتی ادارے خصوصاً وفاقی حکومت کے اداروں میں اندراج کا ثبوت جس میں سال بھی درج ہو۔

5- فرم کے ملازمین تکنیکی ماہرین کی تفصیل اور ان کی تصدیق شدہ اسناد بمعہ تعلیمی قابلیت۔

6- گزشتہ تین سالوں کے دوران کیے گئے کاموں کی تفصیل ہمراہ دستاویزی ثبوت۔

7- گزشتہ تین سالوں کا شیڈول بنک سے مالی استحکام کا ثبوت۔

8- گزشتہ تین سالوں کی انکم ٹیکس ریٹرن کی ایکنالجمنٹ سلپ / فرنٹ پیج۔

9- اسٹامپ پیپر مبلغ -/100 روپے مالیت کا اصل جمع کروائیں۔ جس فرم کے بلیک لیسٹ / کوئی مقدمہ نہ ہونے کا سرٹیفیکیٹ۔ اگر کوئی مقدمہ جاری ہے تو اُسکی تفصیل دیں۔

10- بلڈنگ مشینری اور ساز و سامان کی تفصیل جو کہ کنٹریکٹر کی ملکیت ہے۔

11- دلچسپی رکھنے والے ٹھیکے دار / فرم کو پچاس ہزار روپے کا پے آرڈر پوسٹماسٹر جنرل، سینٹرل پنجاب سرکل کے نام جمع کروانا ہوگا۔ جو کہ قابلِ واپسی ہوگا اور ٹینڈر پروسیسنگ فیس مبلغ پانچ ہزار (Rs.5000/-) روپے ناقابلِ واپسی کی اصل رسید بھی جمع کروانا ہوگی جو کہ ACG-67 رسید پر کسی بھی پوسٹ آفس میں جمع کروائی جاسکتی ہے۔

12- پیپرا رولز 2004 لاگو ہونگے اور اِن رولز کے تحت پوسٹماسٹر جنرل سینٹرل پنجاب سرکل لاہور کو کوئی ایک یا تمام پیشکشیں منظور یا مسترد کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہوگا۔

**Note:** Notification of Grievance Redressal Committee (GRC) Constituted in terms Rule-48 of PPRA is provided on EPADS at www.eprocure.gov.pk .

**اسسٹنٹ انجینئر (سول) سرکل آفس لاہور**

CS CamScanner